PGL Pak-Gulf Leasing Company Limited

(D-9) حتمی نقد منافع کا بذریعہ الیکٹرونک کریڈٹ کیلئے شیئر ہولڈرز کو اطلاع

کمپنی کے رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام مورخہ 23 اکتوبر 2019 میں منظور شدہ حتمی نقد منافع منقسمہ بشرح 7.5% (0.75 روپے فی شیئر) بذریعہ الیکٹرونک ٹرانسفران تمام شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دیا گیا ہے جنہوں نے کمپنی کو اپنے درست انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم کئے ہیں۔

رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشن 2017 کے 6(ii) کے تحت ان شیئر ہولڈرز کے نقد منافع منقسمہ کی بذریعہ الیکٹرونک منتقلی روک دی گئی ہے جنہوں نے اپنے بینک اکاؤنٹ (بشمول 24 ہندسوں پر مشتمل IBAN) کی مکمل تفصیلات کمپنی کو تا حال فراہم نہیں کی ہیں۔ لہٰذا ایسے شیئر ہولڈرز لازمی طور پر اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بروکر (پارٹیسپنٹ)/CDC کو شیئرز کے بک انٹری فارم میں ہونے کی صورت میں یا شیئرز کے فزیکل ہونے کی صورت میں کمپنی رجسٹرار کو فوری طور پر فراہم/ارسال کردیں۔ روکے گئے منافع کی رقم کمپنی کو اندرون 15 یوم مطلوبہ معلومات کے موصول ہوتے ہی الیکٹرونکلی ادا کردی جائیگی۔

(CDC) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ نے ایک ای۔ سروس ویب پورٹل (CCDR) وضع کیا ہے جس میں لمیٹڈ کمپنیز کی جانب سے نقد منافع ادائیگی، عدم ادائیگی یا منافع روکنے سے متعلق تفصیلات شامل ہونگی۔ CCDR متعلقہ شیئر ہولڈرز کو لسٹڈ کمپنی کی جانب سے انکو ادا کردہ منافع کی تفصیلات اور اس سے متعلقہ تمام معلومات تک رسائی کیلئے مدد فراہم کریگا۔ CCDR کی مندرجہ ذیل لنک پر رسائی دستیاب ہے۔ http://eservices.cdcaccess.com.pk۔ CDC شیئر ہولڈرز کو ایک الیکٹرونک رپورٹ کا اجراء کریگی جس میں نقد منافع سے متعلق تمام تفصیلات شامل ہونگی جیسا کہ نقد منافع کی شرح، کل ادا کردہ منافع، ٹیکس اور زکوۃ کٹوتیاں وغیرہ وغیرہ۔

نقد منافع سے متعلق کسی بھی مزید معلومات کیلئے براہ کرم ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فرسٹ فلور C-40، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس کراچی پر رجوع کریں۔